24/01/2025

12.30 pm

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ عابدہ اختر سے خبریں سُنئے

جتیندر سنگھ

سائنس اور ٹیکنالوجی کے وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا ہے کہ انڈین سپیس ریسرچ آرگنائزیشن گگنیان کے ذریعے بھارتی خلائی جہاز میں پہلے انسان کو خلا میں بھیج رہا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ اس اہم پیش رفت کے حوالے سے پہلے ہی آزمائشی پروازیں چلانے کا عمل شروع کیا گیا ہے ۔

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے سول سیکرٹریٹ جموں میں جموں و کشمیر پاور ڈسٹریبیوشن کارپوریشن لمیٹڈ کے ایک جائزہ میٹنگ کی صدارت کی ۔ میٹنگ میں نئے ہائیڈرو پاور پروجیکٹوں کی عمل آوری ،بجلی سپلائی میں پیش رفت اور ان منصوبوں سے بجلی کی پیداوار میں متوقع اضافے کا جائزہ لیا گیا۔ وزیراعلیٰ نے اِن منصوبوں کی بروقت تکمیل کی ضرورت پر زور دیا ۔

وزیر اعلیٰ نے دیرپاتوانائی کے لئے حکومت کے عزم پر روشنی ڈالتے ہوئے اَفسران پر زور دیا کہ وہ رُکے ہوئے منصوبوں کی بحالی کے لئے ضروری اقدامات کریں۔

ICICI

ICICI بینک لمیٹڈ کے زونل سربراہ ، سندیپ شرما نے سول جموں و کشمیر اور لداخ کے لئے سیکرٹریٹ جموں میں وزیر اعلیٰ عمر عبد اللہ سے ملاقات کی۔ میٹنگ کے دوران ،سندیپ شرما

بینک کی کارروائیوں اور خدمات کے بارے ICICI نے جموں و کشمیر کے مختلف شعبوں میں میں وزیر اعلیٰ کو جانکاری فراہم کی۔

بینک کی خدمات کی ستائش کی تاہم انہوں نے دیہی اور نیم شہری ICICI وزیر اعلیٰ نے برادریوں کو بااختیار بنانے کے لئے مالی خدمات کو مزید مضبوط بنانے کی اہمیت پر زور دیا۔

یوم جمہوریہ

اس برس نئی دلی میں منعقد ہونے والی یوم جمہوریہ کی پریڈ کا مشاہدہ کرنے کیلئے ملک کے مختلف حصوں سے تعلق رکھنے والے دس ہزار ایسے خصوصی مہمانوں کو مدعو کیا گیا ہے، جنہوں نے سماج اور قوم کے تئیں اپنی بے لوث خدمات انجام دی ہیں۔

ان میں کشمیر سے تعلق رکھنے والے چالیس افراد بھی شامل ہیں۔ان افراد میں سے کچھ ایک نے آکاشوانی شعبہ خبر کے ساتھ بات کرتے ہوئے اپنے خیالا ت کا کچھ اس طرح اظہار کیا ۔

....

گرل چائلڈ ڈے

آج نیشنل گرل چائلڈ ڈے منایا جا رہا ہے ۔ یہ دن ملک میں ہر سال 24جنوری کو منایا جاتا ہے۔ خواتین اور بچوں کی ترقی کی وزارت کے ذریعہ 2008 میں اس دن کو مخصوص کئے جانے کے بعد اس کا مقصد لڑکیوں کو بااختیار بنانا اور صنفی امتیاز کی رکاوٹوں کے بغیر ترقی کی منازل طے کرنا ہے ۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے اس دن کی مناسبت سے کہا ہے کہ مرکزی سرکار بچیوں کو با اختیار بنانے کے حوالے سے ٹھوس اقدامات کر رہی ہے ۔ انہوں نے لڑکیوں کے ہر شعبے میں قابل ستائش صلاحیتوں کا مظاہرہ کرنے پر مسرت ظاہر کی ۔ انہوں نے کہا کہ مرکزی سرکار صنفی مساوات کو قائم رکھنے کے لئے ہر ممکن کوشش کر رہی ہے ۔

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے بھی بچیوں کے قومی دن کے موقعہ پر مبارک باد پیش کرتے ہوئے کہاہے کہ آج کے دن ہمیں چاہئے کہ ہم لڑکیوں کی کامیابیوں کا جشن منائیں اور صنفی مساوات کے تئیں اپنے عزم اور عہد کو دہرائیں تاکہ انہیں سماجی تبدیلی کے سفیر کے طور با اختیار بنایا جائے ۔

اِدھر چنار کور کی طرف سے بھی اس دن کے حوالے سے لڑکیوں کی حوصلہ افزائی اور ان کی صلاحیتوں کو ابھارنے کے عزم کو دہرایا گیا ہے ۔

معراج العالم

معراج العالم کے سلسلے میں سرینگر سمیت وادی کے بیشتر زیارت گاہوں پر تقریبات کے سلسلے میں انتظامیہ انتظامات کو حتمی شکل دے رہی ہے ۔ اس سلسلے میں سرینگر ،شوپیان ، کولگام اور پلوامہ کے ڈپٹی کمشنر ان نے ان اضلاع میں زیارت گاہوں پر روح پرور مجالس کے اہتمام کے حوالے سے عقیدت مندوں کے لئے بہم رکھی گئی مختلف سہولیات کا جائزہ لیا ۔

NDMA

نیشنل ڈیزاسٹر منیجمنٹ اتھارٹی NDMA نے اگلے سات دنوں کے دوران، جموں وکشمیر کے جنگلوں میں شدید آگ لگنے کے خطرے سے خبردار کیا ہے۔ آکاشوانی کے نمائندے نے خبر دی ہے کہ یوٹی خاص کر جموں میں لمبے عرصے سے جاری خشک موسم کی وجہ سے جنگلی علاقوں میں آگ کا خطرہ بڑھ گیا ہے۔

NDMA نے کہا ہے کہ اگلے سات دنوں کے دوران، شدید آگ لگنے کا خطرہ لاحق ہے۔ حکام نے بتایا کہ خطے میں جنوری مہینے میں اب تک 81 فیصد بارش میں کمی درج کی گئی ہے۔

ڈپٹی کمشنر بڈگام

ڈپٹی کمشنر بڈگام اکشے لابرو نے ایک میٹنگ کے دوران ضلع میں محکمہ مال کے کام کاج کا جائزہ لیا ۔ اس موقعہ پر انہوں نے ریونیو ریکارڈ کی ڈیجیٹائزیشن کے کام کی تکمیل پر زور دیا تاکہ لوگوں کو ان ریکارڈس کے حوالے سے شفاف اور آسان رسائی حاصل ہو ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ

****